ننّھی پُجارن

اِک ننّھی منّی سی پُجارن — پتلی باہیں، پتلی گردن

بھور بھئے مندر آئی ہے — آئی نہیں ہے، ماں لائی ہے

وقت سے پہلے جاگ اُٹھی ہے — نیند ابھی آنکھوں میں بھری ہے

آنکھوں میں تاروں کی چمک ہے — مکھڑے پر چاندی کی جھلک ہے

کیسی سُندر ہے کیا کہیے — ننّھی سی اِک سیتا کہیے

دھوپ چڑھے تارا چمکا ہے — پتھر پر اک پھول کِھلا ہے

چاند کا ٹکڑا، پھول کی ڈالی — کم سِن، سیدھی، بھولی بھالی

کان میں چاندی کی بالی ہے ہاتھ میں پیتل کی تھالی ہے
دل میں لیکن دھیان نہیں ہے پوجا کا کچھ گیان نہیں ہے
کیسی بھولی اور سیدھی ہے مندر کی چھت دیکھ رہی ہے
ماں بڑھ کر چٹکی لیتی ہے چُپکے چُپکے ہنس دیتی ہے
ہنسنا رونا اس کا مذہب اس کو پوجا سے کیا مطلب

خود تو آئی ہے مندر میں
من ہے اُس کا گڑیا گھر میں

(اسرار الحق مجازؔ)

مشق

لفظ اور معنی:

پُجارن	:	پوجا کرنے والی
بھور	:	صبح
مُکھڑا	:	چہرہ
سیتا	:	رام چندر جی کی بیوی کا نام
دھوپ چڑھے	:	دن چڑھے
کم سِن	:	کم عمر
دھیان	:	گہری توجہ
گیان	:	علم

غور کیجیے:

- اس نظم میں شاعر نے ایک ننّھی منّی بچّی کی فطرت کی عکّاسی کی ہے۔ اس کی ماں اسے مندر لے جاتی ہے لیکن اس کا دل گڑیا گھر میں لگا رہتا ہے۔

سوچیے، بتایئے اور لکھیے:

1۔ اس نظم میں ننّھی پجارن کسے کہا گیا ہے؟

2۔ شاعر نے آنکھوں میں نیند بھری ہونے کی کیا وجہ بیان کی ہے؟

3۔ نظم میں سیتا اور چاند کا ٹکڑا کسے کہا گیا ہے؟

4۔ شاعر نے ننھّی پجُارن کے بارے میں کیا کیا باتیں بتائی ہیں؟

5۔ 'ماں بڑھ کر چٹکی لیتی ہے' کا کیا مطلب ہے؟

6۔ ننھّی پجُارن کا مَن کہاں ہے؟

نیچے دیے ہوئے مصرعوں کو مکمّل کیجیے:

آنکھوں میں .... کی چمک ہے — ننھّی سی اِک .... کہتے

چاند کا ٹکڑا، .... کی ڈالی — پوجا کا کچھ .... نہیں ہے

ماں بڑھ کر .... لیتی ہے — اس کو .... سے کیا مطلب

نیچے دیے ہوئے لفظوں کی جمع خانوں کے مطابق لکھیے:

واحد	گڑیا	تھالی	ڈالی	آنکھ	بالی	مکھڑا
جمع	....	....	....	....	....	....

نیچے دیئے ہوئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے اور خالی جگہوں میں لکھیے:

دھیان ....

تھالی ....

گیان ....

مذہب ....

نیند ....

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے نیچے ان کے مُتضاد لکھیے :

پتلی	ہنسنا	پھول	کم	سیدھی	دھوپ
....	....	....	....	....	....

نیچے دیے ہوئے غلط املا میں لکھے ہوئے لفظوں کو درست کیجیے:

مذحب .... وکت ....

متلب .... غیان ....

کھود .... پزارن ....

'ننّھی پجارن' کے بارے میں پانچ جملے لکھیے :

- ....
- ....
- ....
- ....
- ....

املا: بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے:

مطلب	دھیان	بھور بھئے	تھالی	جھلک
....	....	....	....	....
....	....	....	....	....
....	....	....	....	....
....	....	....	....	....
....	....	....	....	....

عملی کام:

- ننّھی پجارن نظم زبانی یاد کیجیے۔
- ننّھی پجارن کے خاکے میں رنگ بھریے۔